بسم اللہ الرحمن الرحیم
ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک
وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا أطیب الناس أرجا صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار تمام لوگوں سے زیادہ خوشبودار درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

ای ازکاھم و اشدھم لان عرقہ کان اطیب من المسک۔ (شرح المواھب اللدنیہ ج ۳ ص ۱۲۱)

عن ثابت رضی اللہ عنہ قال انس رضی اللہ عنہ ما شممت عنبرًا قط ولا مسکًا ولا شیئًا اطیب من ریح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا مسست شیئًا قط دیباجا ولا حریرا الین مسًا من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

(الصحیح لمسلم ج ۲۔ ص ۲۵۷)

یعنی آپ تمام لوگوں سے زیادہ پاکیزہ تھے کیونکہ آپ کا پسینہ مبارک کستوری سے زیادہ خوشبودار تھا۔

حضرت ثابت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے نہ عنبر نہ مشک اور نہ کوئی خوشبو ایسی سونگھی جیسی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک کی خوشبو تھی اور نہ ہی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک سے کسی دیباج اور ریشم کو نرم چھوا۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط